برطانیہ

# 8 تعلیم اور تربیت

برطانیہ میں پناہ گزینوں کو عموماً تعلیم تک رسائی کا حق حاصل ہوتا ہے۔ اگر آپ کو ایسا کوئی دستاویز ملا ہے جس میں کہا گیا ہو کہ آپ پڑھائی نہیں کر سکتے، تو آپ کو قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیے کیونکہ یہ ایک غلطی ہو سکتی ہے۔ تمام پناہ گزینوں کو مفت انگریزی کلاسز تک رسائی حاصل ہے۔

## انگریزی سیکھنا

برطانیہ میں، آپ کو انگریزی سیکھنے یا بہتر بنانے کے لیے کلاسز میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہے۔ عموماً ان کلاسز کو "غیر ملکی زبان بولنے والوں کے لیے انگریزی" یا "**ESOL**" کہا جاتا ہے۔

برطانیہ پہنچنے پر اگر آپ ان کلاسز میں شامل ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو اپنے مقامی ای ایس او ایل کالج میں درخواست دینی چاہیے۔ بعض اوقات کالج نئے طلباء کو اس وقت تک قبول نہیں کرتے جب تک کہ ان کے پناہ گزینی کے دعوے کا فیصلہ کم از کم 6 ماہ سے زیر غور نہ ہو

این جی اوز، چرچ گروپس اور دیگر کمیونٹی تنظیمیں بھی پناہ گزینوں کے لیے مفت انگریزی کلاسز فراہم کر سکتی ہیں۔ آپ اپنے ہوٹل میں دوسرے لوگوں سے پوچھ سکتے ہیں یا آن لائن تلاش کر سکتے ہیں: 'مفت انگریزی کلاسز' + (آپ کے شہر کا نام)۔

## مزید تربیت کے لیے یونیورسٹی یا کالج جانا

پناہ گزینوں کو برطانیہ میں اگر وہ چاہیں تو یونیورسٹی جانے کا حق حاصل ہے۔

یونیورسٹی میں جانے کے لیے آپ کو درخواست مکمل کرنی ہوگی اور قبولیت حاصل کرنی ہوگی۔ بعض درخواستیں بہت مشکل ہوتی ہیں اور آپ کو پہلے سے ڈگری یا دیگر اہلیتیں درکار ہو سکتی ہیں۔

انگلینڈ اور ویلز میں یونیورسٹی جانا عموماً مفت نہیں ہوتا، اور زیادہ تر لوگوں کو فیسیں ادا کرنی پڑتی ہیں۔ اسکاٹ لینڈ میں، بعض افراد کو فیسیں ادا نہیں کرنی پڑتیں۔ جب آپ یونیورسٹی جاتے ہیں، تو آپ کو اپنے رہائشی اخراجات بھی ادا کرنے پڑتے ہیں، جو کہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کہاں کی یونیورسٹی میں جاتے ہیں، یہ مہنگا ہو سکتا ہے۔

اگر آپ پناہ گزین کی حیثیت سے یونیورسٹی میں پڑھنے کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو آپ کو بین الاقوامی فیسیں ادا کرنی پڑ سکتی ہیں جو زیادہ مہنگی ہوتی ہیں۔ پناہ گزین کی حیثیت سے آپ کو حکومت سے وہ قرضے حاصل نہیں ہو سکتے جو ٹیوشن فیس اور رہائشی اخراجات کی ادائیگی میں مدد دیتے ہیں۔ اگر آپ پناہ گزین یا انسانیت کی بنیاد پر تحفظ حاصل کرنے والے شخصت کے طور پر درخواست دیتے ہیں، تو آپ کو یو کے کے طالب علم کے برابر فیسیں ادا کرنی پڑیں گی اور آپ کو حکومت کے قرضوں تک رسائی حاصل ہو گی۔
پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشیوں کے لیے کچھ اسکالرشپس موجود ہیں (پناہ گزین کی حیثیت یا انسانیت کی بنیاد پر تحفظ)، جس کی مزید معلومات کے لیے آپ یہ لنک دیکھ سکتے ہیں:
[https://star-network.org.uk/access-to-university/scholarships/list/](https://star-network.org.uk/access-to-university/scholarships/list/)
[https://www.displacedstudent.org.uk/](https://www.displacedstudent.org.uk/)

"Refugee Education UK"
پناہ گزینوں کے لیے تعلیم فراہم کرنے والی ایک تنظیم، کالج یا یونیورسٹی میں درخواست دینے کے مشورہ کے لیے 1:1 سیشنز فراہم کرتی ہے: [https://www.reuk.org/helpforcollege](https://www.reuk.org/helpforcollege)

## برطانیہ میں اپنی اہلیت کا استعمال

برطانیہ میں، آپ عام طور پر اپنی موجودہ ڈگری یا دیگر اہلیتوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ نے اپنی اہلیت کہاں سے حاصل کی ہے، اس کے لئے آپ کو "موازنہ تقابلیت " کے لیے درخواست دینی پڑ سکتی ہے۔ یہ ایک سرکاری تصدیق ہے جو بتاتی ہے کہ آپ کی ڈگری یا اہلیت برطانیہ میں اسی ڈگری یا اہلیت کے برابر ہے یا کافی حد تک مماثل ہے۔ موازنہ تقابلیت کے لیے آپ کو فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔ اس وقت، اس کی قیمت تقریباً 60£ ہے۔ اگر آپ کے سرٹیفکیٹس انگریزی میں نہیں ہیں، تو دستاویزات کو سرکاری طور پر ترجمہ کروانا ضروری ہوگا اور آپ کو
https://www.ecctis.com/
سے رابطہ کرنا ہوگا، جہاں آپ اپنے ترجمہ شدہ سرٹیفکیٹس بھیجیں گے اور وہ آپ کو بیانیہ تقابلیت فراہم کریں گے۔ مزید برآں، فیسوں کی مدد کے لیے آپ
https://www.ruthhaymantrust.org.uk/grants چیک کر سکتے ہیں۔

# 8 تعلیم اور تربیت

برطانیہ

برطانیہ میں پناہ گزینوں یا پناہ کے متلاشی بچوں کے لیے تعلیم کے حقوق مختلف ہوتے ہیں، لیکن تمام بچوں کو اسکول جانے کا حق حاصل ہے، چاہے وہ پناہ گزین ہوں یا پناہ کے طلب گار۔

## اسکول جانا

برطانیہ میں، تمام بچوں کو 5 سال کی عمر سے لے کر 16 سال کی عمر تک تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے۔ تمام بچوں کو 16 سال کی عمر تک اسکول جانا پڑتا ہے۔ اس کے بعد، وہ اسکول میں رہ کر یا کام کے لیے عملی مہارتیں سیکھ کر 18 سال تک تعلیم جاری رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اسکولز مقامی حکام کے زیر انتظام ہوتے ہیں اور ان میں شرکت مفت ہوتی ہے۔
اگر آپ کے پاس سوشل ورکر یا کیس ورکر ہے، تو آپ ان سے اسکولوں میں درخواست دینے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ والدین ہیں اور آپ کے بچوں کی عمر 18 سال سے کم ہے، تو آپ کو اپنے رہائش کے قریب کے اسکول میں انہیں جلد از جلد رجسٹر کروانا ہوگا۔ اپنے مقامی کونسل کا نام تلاش کریں + اسکول کے لیے آن لائن رجسٹریشن۔

## جب آپ اسکول شامل ہوں گے، تو آپ کو کیا توقع کرنی چاہیے؟

اسکول کا عملہ اور اساتذہ آپ کی مدد کریں گے ابتدائی چند ہفتوں میں وہ آپ کا استقبال کریں گے اور آپ کو تعلیمی نظام سے متعارف کروائیں گے اور دیکھیں گے کہ آپ کی کیا ضروریات ہیں تاکہ آپ اسکول میں اچھا محسوس کریں اور سیکھنے میں مدد ملے، اور وہ آپ کو کسی بھی مشکل میں مدد فراہم کریں گے، جیسے کہ زبان سے متعلق مسائل وغیرہ۔

نئے اسکول میں شامل ہونا آپ کے لیے آسان نہیں ہو سکتا۔ لیکن یہ اس بات پر یقین رکھیں کہ آپ کو اسکول کے عملے اور سوشل ورکر کی حمایت حاصل ہوگی، اور وہ یہ یقینی بنائیں گے کہ آپ کے پاس تعلیمی سال کا آغاز کرنے کے لیے سب کچھ موجود ہو۔ اپنے جذبات کے بارے میں اساتذہ یا سوشل ورکر سے بات کرنے میں شرم محسوس نہ کریں، وہ آپ کی ہر اس چیز میں مدد کریں گے جس میں آپ کو مشکل پیش آئے۔

## 16 سے 18 سال کے نوجوانوں کے لیے

آپ اپنے علاقے کے کالج میں فراہم کردہ ESOL کلاسز میں شامل ہو سکتے ہیں۔ آپ ہفتے میں 18 گھنٹے انگریزی پڑھیں گے اور آپ کو دوسرے کورسز بھی پڑھنے کا موقع مل سکتا ہے۔
آپ اپنے کالج کی ویب سائٹ پر ان کورسز کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو وہ پڑھا رہے ہیں اور آپ کسی اوپن ڈے میں بھی شرکت کر سکتے ہیں - یہ وہ دن ہوتا ہے جب آپ جا کر اس کورس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں جسے آپ پڑھنا چاہتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ وہاں کس قسم کی شرائط یا اہلیت کی ضرورت ہے۔

## میں بالغان کے لئے ESOL کلاسز کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ اپنے قریب کسی کالج میں ESOL کلاسز میں داخلہ لے سکتے ہیں، لیکن کچھ دیگر تنظیمیں بھی ہیں جو "ESOL آن لائن کلاسز" فراہم کرتی ہیں اور آپ انہیں گھر بیٹھے ہی لے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ ان تنظیموں سے رابطہ کر سکتے ہیں:

www.babelsblessing.org
cityofsanctuary.org
conversationsoverborders.org (آن لائن کلاسز رضاکار اساتذہ کی طرف سے)

اسی طرح، آپ اپنے علاقے میں پناہ گزینوں کی مدد کرنے والی تنظیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں، جو آپ کلاسز میں داخلہ لینے میں مدد فراہم کر سکتی ہے۔ اپنے کالج کی ویب سائٹ چیک کریں تاکہ اُن ESOL کورسز کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں جو وہ پڑھا رہے ہیں اور آپ اوپن ڈے (ایک ایسا دن جب آپ جا کر کورس کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں) میں شرکت کر سکتے ہیں تاکہ آپ جان سکیں کہ آیا اس کورس کے لئے کوئی شرائط یا قابلیت درکار ہے۔